جلسہ سالانہ کا مقصد خدا تعالیٰ کے نام کو بلند کرنا ہے

دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ اس مقصد کے حصول کے سامان ہماری زندگی میں پیدا کر دے

جلسہ کے ایّام میں خصوصیّت کیساتھ نوع انسانی کو ہلاکت سے بچانے کی دعائیں کریں

خطبہ جمعہ فرمودہ حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز

بمقام مسجد اقصیٰ ربوہ مورخہ ۱۸ فتح ۱۳۶۰ ہش بمطابق ۱۸ دسمبر ۱۹۸۱ء

تشہد و تعوذ اور سورۃ فاتحہ کی تلاوت کے بعد حضور نے فرمایا :-

" ہمارا یہ بابرکت جلسہ اپنی تمام برکتوں اور رحمتوں کے ساتھ اور اپنی تمام ذمہ داریوں کے ساتھ آگیا۔ ان ذمہ داریوں کی طرف میں اس وقت توجہ دلانا چاہتا ہوں۔

سب سے بڑی ذمہ داری احمدی کی، خاص طور پر جلسہ کے ایّام میں اچھے اخلاق کا مظاہرہ کرنے کی ہے۔

الٰہی سلسلوں میں سارے ہی ایک درجہ کے بلند مقام پر فائز نہیں ہوا کرتے۔ اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں فرماتا ہے :-

وَلِكُلٍّ دَرَجٰتٌ مِّمَّا عَمِلُوْا وَمَا رَبُّكَ بِغَافِلٍ عَمَّا يَعْمَلُوْنَ ۝

(الانعام آیت : ۱۳۳)

کہ اللہ تمہارے اعمال سے غافل نہیں جو تم کرتے ہو، وہ اس کے علم میں ہے اور اپنے علم کامل کے نتیجہ میں عمل، عمل کیمطابق درجہ بدرجہ دیتا چلا جاتا ہے۔ بہت بلند اخلاق کے بھی ہیں پھر درجہ بدرجہ خدا جانے کتنے رنگ ہیں اخلاقی اور روحانی جو ہمیں الٰہی سلسلوں میں نظر آتے ہیں۔ اس کیمطابق درجات میں بٹی ہوئی ہوتی ہے وہ قوم جو خدا تعالیٰ کی طرف منسوب ہونیوالی اور خدا تعالیٰ کے لئے جان نثاری اور ایثار کا نمونہ دکھانے والی ہوتی ہے۔

اور الٰہی سلسلوں میں ایک گروہ منافقوں کا بھی لگا رہتا ہے ساتھ۔ پھر اُن لوگوں کا جنہیں اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں منافق تو نہیں کہا مگر

فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ

کہا ہے کہ بہت سے پہلو صحت مند بھی ہیں اور بعض بیماریاں بھی ساتھ لگی ہوئی ہیں۔ بیماری کا جب اعلان ہو تو اس سے مُراد موت نہیں ہوتی۔ بلکہ یہ مراد ہوتی ہے کہ صحت کے حصّے بھی ہیں۔ صحت مند پہلو بھی ہیں اور کمزور اور بیمار پہلو بھی ہیں۔ ایسے لوگوں سے بھی نفرت کرنے کا حکم نہیں۔ پیار ان سے کیا نہیں جا سکتا۔ اس لئے اللہ تعالیٰ نے یہ راہ نکالی کہ پیار کے قابل نہیں یہ لوگ۔ نفرت کا مقام نہیں اُن کا۔ اس لئے جو بلند درجات والے ہیں، جو اچھے اخلاق والے ہیں، جو اللہ تعالیٰ سے پیار کرنے والے ہیں، جنہوں نے روحانی رفعتوں کو حاصل کیا ہے، اُن کی یہ ذمہ داری ہے کہ جو کمزور ہیں اُن کے لئے دعائیں کریں کہ جن نعمتوں سے کمزور محروم ہیں، اللہ تعالیٰ اُن کی زندگیوں میں ایسے سامان پیدا کر دے کہ وہ کمزوریاں اُن کی، وہ بیماریاں اُن کی، وہ نفاق اُن کا دُور ہو جائے اور جس طرح

Digitized by Khilafat Library Rabwah

اخبارِ احمدیہ

ربوہ - ۲۴ فتح / دسمبر - سیدنا حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے صحت کے بارے میں آج صبح کی اطلاع مظہر ہے کہ :-

" طبیعت اللہ تعالیٰ کے فضل سے اچھی ہے - (الحمد للہ) "

احباب کرام التزام سے دعائیں کرتے رہیں کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے حضور انور ایدہ اللہ بنصرہ العزیز کو ہر لمحہ و ہر آن صحت و سلامتی اور خیر و عافیت سے رکھے آپ کو غلبۂ دین کے ہر منصوبے میں معجزانہ کامیابیاں عطا کرے اور روح القدس کی تائید و نصرت سے نوازتا رہے - (آمین)

• حضرت سیدہ نواب امۃ الحفیظ بیگم صاحبہ مدظلہا العالی کی صحت بلڈ پریشر زیادہ ہو جانے کی وجہ سے ناساز ہے - احباب کرام التزام سے دعائیں کرتے رہیں کہ اللہ تعالیٰ حضرت سیدہ ممدوحہ کے بابرکت وجود کو اپنے فضل سے رحمتوں سے نوازے اور صحت کاملہ و عاجلہ عطا کرے - (آمین)

رجسٹرڈ نمبر ایل ۵۲۵۴ — بسم اللہ الرحمٰن الرحیم — فون : ۴۰۵

إِنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ - عَسٰى أَنْ يَّبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا

روزنامہ الفضل ربوہ

خطبہ نمبر ۳۴

ایڈیٹر: مسعود احمد دہلوی

جلد ۷۰/۳۵ — اتوار ۲۹ صفر المظفر ۱۴۰۲ ھ، ۲۷ فتح ۱۳۶۰ ہش، ۲۷ دسمبر ۱۹۸۱ء — نمبر ۲۹۶

رجسٹرڈ نمبر ایل ۵۲۵۴، پبلشر: مسعود احمد، پرنٹر: سید عبد الحی، مطبع: ضیاء الاسلام پریس ربوہ، مقامِ اشاعت: دفتر روزنامہ الفضل دار الرحمت غربی ربوہ، قیمت: ۵۵ پیسے

Digitized by Khilafat Library Rabwah

اکثریت اپنی استعداد کے مطابق اللہ تعالیٰ کے فضلوں کو اپنی دعاؤں سے جذب کر کے خدا تعالیٰ کی نعمتوں کو حاصل کرنے والی ہے یہ بھی اللہ تعالیٰ کے پیار کو حاصل کرنے والے بن جائیں اور سب کے ساتھ ملتے چلے جائیں۔

جلسہ سالانہ کے موقع پر خاص طور پر یہ دعا کرنی چاہیئے کہ ہم میں سے جو کمزور ہیں، وہ کسی کمزوری کے نتیجہ میں جماعت کی بدنامی اور اپنے لئے اللہ تعالیٰ کے غضب کو حاصل کرنے کا باعث نہ بن جائیں بلکہ اللہ تعالیٰ اس جلسہ کی عظمتوں کا احساس اُن کے دل میں پیدا کرے اور اس احساس کے نتیجہ میں اُن کے دلوں میں ایک نیک تبدیلی پیدا ہو جائے اور اللہ تعالیٰ کے قُرب کی راہوں پر وہ چلنے لگیں اور جن بشارتوں کا ذکر جماعت احمدیہ کی زندگی سے تعلق رکھتا ہے اُن بشارتوں سے وہ حصّہ لینے لگ جائیں۔

کوئی نیکی اُس وقت تک انسان کر نہیں سکتا جب تک وہ جو حقیقی اور کامل نیک ہے، سبوح اور قدوس ہے، اپنی طرف سے ایسے سامان نہ پیدا کر دے کہ انسان نیکی کرنے کے قابل ہو جائے۔ اس لئے ہر آن، ہر وقت خصوصاً اِن دنوں میں یعنی جلسہ کے ایّام میں، انتہائی عاجزی کیساتھ اور حقیقتاً خود کو محض لاشئ سمجھتے ہوئے دعاؤں کے ذریعہ خدا تعالیٰ کے فضل کو حاصل کریں اور دعائیں کریں کہ اللہ تعالیٰ ہر موقع پر، ہر آن، ہر لحظہ ہماری ہدایت کے سامان کرتا چلا جائے اور فرشتے ہماری مدد کو اُتریں اور خدا کے نام کو بلند کرنے کیلئے جو یہ جلسہ قائم کیا گیا ہے اللہ تعالیٰ اس مقصد کے حصول کے سامان ہماری زندگی میں پیدا کر دے۔

مہمانوں کی آمد آمد تو شروع ہو چکی ہے۔ اِس وقت میرے سامنے بہت سے غیر ملکی مہمان بھی بیٹھے ہیں۔ اپنے پاکستانی بھی اس جمعہ بہت زیادہ کثرت سے مجھے نظر آ رہے ہیں۔ گہما گہمی ہے۔ یہ ایک وقت ایسا آتا ہے کہ ربوہ اپنے کاموں میں مشغولیت کی وجہ سے نظر میں نہیں آتا۔ اور باہر سے آنیوالے میرے پیارے بھائی جو ہیں اُن کی شکلیں ہی میری نظروں کے سامنے آتی ہیں۔ لیکن مَیں اہلِ ربوہ کو کہوں گا کہ اگرچہ تمہاری شکل میری آنکھ نہیں پکڑتی۔ مگر میرے دِل سے تم کبھی غائب نہیں ہُوئے۔ مَیں ہمیشہ تمہارے لئے دُعا کرتا رہتا ہوں جس طرح ہر اُس احمدی کے لئے جو دنیا کے کونے کونے میں بسنے والا ہے۔

اور ان ایّام میں چونکہ قبولیت دعا کے بہت سے مواقع پیدا ہو جاتے ہیں اس لئے نوعِ انسان کی بھلائی کے لئے دعائیں کرنی چاہئیں کیونکہ اس زمانہ میں انسان، مہذب انسان، طاقتور انسان، سائنس میں آگے بڑھنے والا انسان، ایجادات کرتے کرتے آسمانوں کی رفعتوں کو چھو لینے والا انسان، ہلاکت کے گڑھے کی طرف بھی حرکت کر رہا ہے۔ اللہ تعالیٰ انسان کو اس ہلاکت سے جس کے لئے وہ خود کوشاں ہے، محفوظ رکھے اور اس کے ہاتھ کو جو ہلاکت کا سامان پیدا کرنے والے ہیں خدا کے فرشتے پکڑ لیں اور کہیں کہ نہیں ایسا نہیں کرنا۔ ہاتھوں سے وہ کام لو جس کام کے لئے اللہ تعالیٰ نے تمہیں ہاتھ دیئے ہیں۔ اپنی ہلاکت کے سامان پیدا نہ کرو۔ دوسروں کی ہلاکت کے سامان پیدا نہ کرو تاکہ خدا تعالیٰ کی وحدانیّت اور محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی عظمت اور آپؐ کے احسان سے انسان فائدہ اُٹھا کر ایک ایسا معاشرہ پیدا کرنے میں کامیاب ہو جائے جس معاشرہ کے پیدا کرنے کے لئے یہ زمانہ آگیا تاکہ نوعِ انسانی اُمّت واحدہ، ایک خاندان ہو جائے اور ہر قسم کے دُکھ دُور ہو جائیں اور اگر دُکھ کسی کو کہیں، کسی جگہ پہنچے بھی تو سارے انسان اس کو دور کرنیکی کوشش میں لگیں اور غم خوار بنیں ایک دوسرے کے۔ انسان جس غرض کیلئے پیدا کیا گیا۔ یعنی

ما خلقتُ الجن والانس اِلاّ لیعبدون

وہ غرض پُوری ہو اور اللہ تعالیٰ سے ایک زندہ تعلق نوعِ انسانی کا پیدا ہو جائے، کہ جن کا نہ پیدا ہو یہ تعلق خدا تعالیٰ جو ربِّ کریم اور مہربان ہے اُس سے، وہ گنتی کے چند رہ جائیں جو شمار میں نہیں آتے۔

اللہ تعالیٰ اپنے وعدوں کو ہماری زندگی میں اپنے فضلوں سے پُورا کرے۔ ہم عاجز اور کمزور انسان اپنے اعمال کیساتھ اس چیز کو حاصل نہیں کر سکتے لیکن جہاں اُس کی رحمانیّت نے اپنے جلووں سے نیک اور بد، مومن اور کافر کی جھولیاں بھر دیں، وہاں وہ یہ سامان بھی پیدا کرے کہ اپنی رحیمیّت کے نتیجہ میں جو انعام وہ دینا چاہتا ہے، اس کا حق دار بن جائے انسان، اور اس کے قُرب میں اس دنیا میں جو جنّت پیدا کرنا چاہتا ہے، وہ پیدا ہو جائے اور ہمارے جلسے کی غرض پوری ہو اور اس غرض کو قائم رکھنے کیلئے زیادہ سے زیادہ برکتوں کیساتھ آنے والے جلسے آیا کریں اور ہمارے لئے خوشی کا سامان پیدا کیا کریں۔"

ایّام جلسہ میں مسجد مبارک میں درس القرآن کا پروگرام

۲۶ فتح بروز ہفتہ = اَلَا بِذِکْرِ اللّٰہِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ — خاکسار عبدالمالک خان ناظر اصلاح وارشاد

۲۷ فتح بروز اتوار = قَدْ اَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ — مکرم صاحبزادہ مرزا طاہر احمد صاحب

۲۸ فتح بروز سوموار = اِنَّ بَعْضَ الظَّنِّ اِثْمٌ — مکرم حافظ مظفر احمد صاحب (ناظر اصلاح وارشاد)

مسجد مبارک میں ایّام جلسہ کے دوران نماز تہجد کا پروگرام

جلسہ سالانہ کے دنوں میں مسجد مبارک میں مکرم حافظ مظفر احمد صاحب باجماعت نماز تہجد پڑھائیں گے۔ تہجد کی نماز کا وقت پانچ بجے مقرر ہوا ہے۔ (ناظر اصلاح وارشاد ربوہ)

ضروری اطلاع

ورلڈ احمدیہ میڈیکل ایسوسی ایشن کا سالانہ جنرل اجلاس جو دستور اساسی کے تحت ضروری ہے انشاء اللہ ستائیس دسمبر رات آٹھ بجے فضل عمر ہسپتال کے احاطہ میں ہوگا۔ تمام احمدی ڈاکٹرز اور لیڈی ڈاکٹرز نیز ڈینٹل سرجن قواعد کے تحت اس ایسوسی ایشن کے ممبر ہیں لہٰذا خاکسار درخواست کرتا ہے اور امید رکھتا ہے کہ جلسہ سالانہ پر آنیوالے تمام احمدی ڈاکٹرز اور لیڈی ڈاکٹرز اور ڈنٹل سرجن اس اجلاس میں انشاء اللہ ضرور شامل ہونگے اور وقت کی پابندی کا خیال رکھیں گے جزاہم اللہ احسن الجزاء۔

ڈاکٹر مرزا منور احمد
(صدر ورلڈ احمدیہ میڈیکل ایسوسی ایشن)

"اسلام کا مغز اور رُوح وہ دُعا ہے جو ایک لذت اور سرور اپنے اندر رکھتی ہے۔" (حضرت اقدسؑ)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

آپ کو معلوم ہو کہ

ہمارے دواخانہ
میسرز حکیم نظام جان اینڈ سنز کا
نام اب
مشہور دواخانہ رجسٹرڈ
ہو چکا ہے

زیر نگرانی
حکیم عبدالحمید جانشین و فرزند
حضرت حکیم نظام جان

گوجرانوالہ فون نمبر ۷۴۸۴۴
ربوہ فون نمبر ۶۳۸

خدمت کی راہوں پر رواں دواں
دیرینہ خادم
مشہور دواخانہ (سابق میسرز حکیم نظام جان اینڈ سنز)
چوک گھنٹہ گھر گوجرانوالہ ۱۹۰
۱۷۔ سویٹ ہوم لینڈ ماڈل کالونی کراچی ۲۷

ہارٹون کورس HEARTONE COURSE

- دل کی دھڑکن کے لئے — PALPITATION CURE.
- دل کے درد کے لئے — HEART PAIN CURE.
- دل کی جملہ امراض کیلئے — HEART TONIC CAPS.
- دل کی طاقت کے لئے — HEARTONE DROPS.

۲۰ روزہ کورس قیمت ۱۴۵/- روپے پیکنگ و ڈاک خرچ ۵/- ، ۴۰ روزہ کورس قیمت ۲۶۰/- پیکنگ و ڈاک خرچ ۵/-

بلڈ پریشر کورس HYPERTENTION COURSE

- ہائی بلڈ پریشر کے لئے — HYPERTENTION CURE.
- فوری آرام کے لئے — HYPERTENTION TABS.
- دل کی طاقت کے لئے — HYPERTENTION DROPS.

۲۰ روزہ کورس قیمت ۱۳۰/- پیکنگ و ڈاک خرچ ۵/-
۴۰ " " ۲۴۰/- " " " ۵/-

نوٹ: اگر دل کی تکلیف کے ساتھ ہائی بلڈ پریشر بھی ہو تو ہارٹون، ہائی پرٹینشن کورس استعمال کریں، مشترکہ کورس۔ قیمت ۲۰۵/-

کیور ہیومیڈیسن (ڈاکٹر راجہ ہومیو) کمپنی رجسٹرڈ پاکستان لاہور۔ کراچی ہیڈ آفس ربوہ۔ فون ۶۰۶/۶۰۷

جائیداد کی خرید و فروخت کے لئے
قابلِ اعتماد ادارہ
صدیق اسٹیٹ ایجنسی
نزد ریلوے پھاٹک
اقصیٰ روڈ۔ ربوہ
— پروپرائٹر —
چوہدری محمد صدیق
فون دفتر : ۶۴۰
فون رہائش : ۵۴۰

دوا تدبیر ہے اور دعا اللہ تعالیٰ کے فضل کو جذب کرتی ہے
ہمدردانہ مشورہ اور قابلِ اعتماد اصولی علاج کے لئے
مطب ناصر دواخانہ۔ گول بازار ربوہ۔ فون ۵۳۴

کئی سال سے آپکی
بے لوث خدمت کرنیوالا
واحد ادارہ
احمد اسٹیٹس رجسٹرڈ
سکنی و زرعی اراضی مکانات و پلاٹس وغیرہ کی خرید و فروخت کیلئے
آپ کی خدمت کا متمنی
احمد اسٹیٹس رجسٹرڈ
انس مارکیٹ ربوہ
فون نمبر: ۵۳۵

جدید فیشن کیمطابق
سونے کے جڑاؤ اور سادہ زیورات وغیرہ کیلئے
نیو پاک جیولرز
۱۱۱۔ فیروزپور روڈ
نزد گلیکسی سینما اچھرہ
لاہور
پروپرائٹر
میاں عظیم قادر اینڈ سنز
رہائش
فون ۴۱۰۹۷۴، ۴۱۸۶۴۶، ۴۱۸۶۴۵

نرینہ اولاد سے محروم بے اولاد اور مرض اٹھرا کی شکار دکھی عورتوں کے لئے
سنہ ۱۹۱۱ء سے ایک ہی نام
ھو الشافی
دواخانہ حکیم نظام جان
حکیم انوار احمد جان ابن حکیم نظام جان۔ پوسٹ بکس ۲۲۲ • چوک گھنٹہ گھر گوجرانوالہ۔ فون نمبر ۷۲۹۹۷
ربوہ کا پتہ: مکان نمبر ۳/۱۵ نزد نامر کنڈر گارٹن سکول (دواخانہ حکیم نظام جان۔ ربوہ) دوائی اور مشورہ کیلئے یہاں تشریف لاویں!

Digitized by Khilafat Library Rabwah

محترم چوہدری محمد ظفر اللہ خان صاحب کا دلچسپ خصوصی انٹرویو

ماہنامہ آتش فشاں میں

جلسہ سالانہ کے موقع پر ہم سے حاصل کریں

سول ڈسٹری بیوٹرز:- ملک جی برادرز گولبازار ربوہ

قوم کے نونہال

تھے بچے جن کو آئندہ اہم ذمہ داریاں سنبھالنا ہیں کمزور ہرگز نہ ہونے دیں "پیور بے بی ٹانک" (جرمن ادویہ سے تیار کردہ قیمت ۱۲/ سے بچے بہت خوبصورت اور ہنس مکھ بن جاتے ہیں۔

شاہ ہومیوپیتھک سٹور تاریکوہ رحمت بازار ربوہ

خدمت کی راہوں پر رواں دواں

مشہور دواخانہ

گوجرانوالہ ـــــ ربوہ

کراچی میں جائیداد کی

خرید و فروخت

(اور)

سندھ میں زرعی زمین کے حصول کیلئے

• درج ذیل پتہ پر رابطہ قائم کیجئے •

لینڈ مارکس

(LAND MARKS)

۱۰۳-۷ کمرشل ایریا "بی" پوسٹ بکس نمبر ۱۰۴۳۶

ڈیفنس ہاؤسنگ سوسائٹی - کراچی ۲۴

فون ۵۴۰۸۳۴ - ۵۴۰۸۶۶

ایک احمدی عورت جس کی عمر ۴۰ سال تک یا اس سے زائد ہو۔ اور بچے سنبھالنے اور گھر کے کام میں ہاتھ بٹانے کے قابل ہو اور شکاگو (امریکہ) میں رہائش کیلئے تیار ہو۔ تنخواہ مناسب دی جائے گی اور کرایہ وغیرہ کا انتظام بھی ہمارا ہوگا۔ جلسہ کے دنوں میں اگر ملاقات کی خواہشمند ہو تو گوندل کواکری سٹور گولبازار ربوہ میں بیگم ڈاکٹر بشیر احمد صاحب سے رابطہ قائم رکھیں۔ خط و کتابت مندرجہ ذیل پتہ پر کی جا سکتی ہے:-

بیگم ڈاکٹر بشیر احمد ۲۷/۸ سید جمال الدین افغانی روڈ یونیورسٹی ٹاؤن پشاور

نور کاجل پھر مارکیٹ میں

ربوہ کا مشہور عالم تحفہ

آنکھوں کی صحت اور خوبصورتی کیلئے بہترین سرمہ

خریدتے وقت نور کاجل اور خورشید یونانی دواخانہ

ملاحظہ فرمائیں

منیجر: خورشید یونانی دواخانہ رجسٹرڈ ربوہ

لاہور میں مکمل ڈویلپمنٹ سے آراستہ گل ہاؤسنگ پراجیکٹ کی عظیم تخلیق

لاہور ڈویلپمنٹ اتھارٹی نے این-او-سی بذریعہ نمبر CMP 194/S/LDA/136 مورخہ ۱۲ جنوری ۱۹۸۱ء

سنی پارک



نقد و آسان قسطوں پر

اپنے احباب کیلئے مخصوص بلاک اور خاص رعایت

محل وقوع سنی پارک لاتعداد سرکاری و غیر سرکاری رہائشی سکیموں کے مرکز میں واقع نہر کے قریب نیو کیمپس سے ۲ کلومیٹر کے فاصلہ پر (نقشہ محل وقوع ملاحظہ فرمائیں)

خصوصیات:- سنی پارک تمام جھگڑوں اور پیچیدگیوں سے پاک صاف ہے جہاں کوئی بھی پاکستانی اپنے ذوق کے مطابق اپنا گھر تعمیر کر سکتا ہے۔ ہر وقت چھوٹی بڑی ٹرانسپورٹ میسر ہے جس کے ذریعے آپ شہر کے مرکزی علاقوں تک با آسانی پہنچ سکتے ہیں علاوہ ازیں لاہور کے اہم تعلیمی و طبی ادارے میڈیکل کالج، ہیلی کالج، لاء کالج و نیو کیمپس یونیورسٹی، سکولز اور شیخ زید بن ہسپتال تھوڑے فاصلہ پر ہیں۔ اس میں جدید تقاضوں کے مطابق عوام کی سہولت کیلئے چلڈرن پارک، ہائی کلاس درسگاہ، ہسپتال، پوسٹ آفس شہر خوشاں، مساجد، کمیونٹی سنٹر، شاپنگ مرکز، ہر بلاک میں کمرشل پلاٹس کی سہولتیں میسر ہیں۔

پلاننگ:- ہم نے سنی پارک کی منصوبہ بندی جدید تقاضوں کے مطابق کی ہے۔ ماحول کو صاف ستھرا اور پرسکون بنانے کیلئے مشرقی و مغربی طرز معیار کو مدنظر رکھتے ہوئے ۷ مرلے، ۱۰ مرلے اور ایک ایک کنال کے لاتعداد رہائشی و کمرشل پلاٹس بنائے گئے ہیں

ترقیاتی کام:- سنی پارک کے ترقیاتی کاموں میں نقشوں کی فنی تفریحات کے مطابق سڑکوں کو پختہ کرنا، بجلی و پانی کی ہمہ ساتی و نکاسی آب کے انتظامات کے علاوہ تفریحی پارکوں اور کھیل کے میدانوں کو آراستہ کرنا اور سڑکوں کو پر رونق بنانے کیلئے سٹریٹ لائٹس کا انتظام شامل ہے جنہیں جدید فن تعمیر اور دور حاضر کے تقاضوں کے مطابق ہم آہنگ کیا جائے گا

پلاٹوں کی قسمیں اور قیمتیں:- سنی پارک میں عوام کی سہولت کے لئے چار اقسام کے پلاٹس بنائے گئے ہیں

عام رہائشی پلاٹ:- ۱۸۰۰/- روپے فی مرلہ

• مخصوص رہائشی پلاٹ:- ۲۰۰۰/- فی مرلہ - ڈیلکس رہائشی پلاٹ ۲۸۰۰/- فی مرلہ - تجارتی پلاٹ ۵۰۰۰/- فی مرلہ

ترقیاتی اخراجات ان قیمتوں میں شامل نہیں قسطوں کی صورت میں ۲۰/- فی مرلہ زائد

طریقہ حصول پلاٹ:- پلاٹ کی کل قیمت کا ۱/۴ حصہ زر بیعانہ دفتر میں جمع کروا کر رسید و الاٹمنٹ سرٹیفکیٹ حاصل کریں اور بقایا رقم ۴۵ یوم میں ادا کر کے رجسٹری کروالیں۔

اقساط:- پلاٹ کی کل قیمت کا ۱/۴ حصہ زر بیعانہ دفتر میں جمع کروا کر رسید و الاٹمنٹ سرٹیفکیٹ حاصل کریں بقایا رقم ایک سال کی برابر اقساط میں ادا کر کے رجسٹری کروالیں **پلاٹ کا قبضہ:-** نقدی کی صورت میں زر بیعانہ ۱/۴ حصہ اور اقساط کی صورت میں ۱/۴ حصہ ادا کر کے قبضہ حاصل کریں (قبضہ لے کر مکان تعمیر کر سکتے ہیں)

قرضے کی سہولت:- مکان تعمیر کرنے کے لئے مکانات کی مالیاتی کارپوریشن سے آسان قسطوں پر واپسی کی بنیاد پر قرضہ لیا جا سکتا ہے) **اسپیشل رعایت:-** شہداء کے ورثاء۔ بیواؤں۔ فوجی و پولیس ملازمین۔ ریٹائرڈ ملازمین سرکاری ملازمین۔ ادیبوں۔ صحافیوں اور دانشوروں کیلئے اسپیشل رعایت۔

(آفس جمعہ کو بھی صبح نو بجے سے شام چھ بجے تک کھلا رہتا ہے) پراسپیکٹس حاصل کریں۔

پراسپیکٹس ڈاک کے ذریعے بھی منگوایا جا سکتا ہے

تفصیلات کے لئے:- گل ہاؤسنگ پراجیکٹ آرکیٹکٹ۔ انجینئرز۔ کنسلٹنٹس اینڈ اسٹیٹ ایڈوائزرز ۷۔ کامران اپارٹمنٹس فیروزپور روڈ اچھرہ لاہور فون ۱۹۹۷۶